24 نومبر، 2011

پاکستان ریمی ٹینس انیشیٹو کے لئے انٹرنیشنل منی ٹرانسفر ایوارڈ 2011

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف منی ٹرانسفر نیٹ ورکس (IAMTN) نے پاکستان ریمی ٹینس انیشیٹو (PRI) کو 'ایشیا پیسفک بشمول جنوبی ایشیا' کی کیٹیگری کے لئے منی ٹرانسفر ایوارڈ 2011 دیا ہے۔ **اس خصوصی ایوارڈ سے ایک متنوع اور موثر پیش قدمی کے لئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اقدامات کا بین الاقوامی سطح پر اعتراف ہوا ہے۔**

اس سال کے سالانہ IAMTN منی ٹرانسفر ایوارڈز کے نتائج کا اعلان حال ہی میں لندن میں ہونے والی گلوبل منی ٹرانسفر سمٹ 2011 (GMTS-2011) کے دوران ایک خصوصی تقریب میں کیا گیا۔

یہ منی ٹرانسفر ایوارڈ 2011 پاکستان میں قانونی ذرائع سے ترسیلات زر کی آمد کے لئے سہولت فراہم کرنے کے لئے پی آر آئی کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔ اس ایوارڈ کا اعلان IAMTN کے منیجنگ ڈائریکٹر Leon Isaacs نے کیا جبکہ یہ ایوارڈ IAMTN کے سی ای او Veronica Studsgaard نے پیش کیا۔

واضح رہے کہ پاکستان میں ترسیلات زر بھیجنے میں سہولت کے لئے اونرشپ اسٹرکچر کی فراہمی کے لئے حکومت پاکستان نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان، سمندر پار پاکستانیوں کی وزارت اور وزارت خزانہ کی معرفت ایک مشترکہ پاکستان ریمی ٹینس انیشیٹو (PRI) کا اجراء اپریل 2009 میں کیا تھا۔ یہ قدم ترسیلات زر کی تیز رفتار، سستی، باسہولت اور مستعد ترسیل کا مقصد حاصل کرنے کے لئے اٹھایا گیا تھا۔

اپنے آغاز کے بعد سے پی آر آئی نے قانونی ذرائع سے ترسیلات زر کی آمد میں اضافے کے لئے متعدد اقدامات کئے ہیں جن میں (1) ترسیلات زر سے متعلق قومی حکمت عملیوں کی تیاری، (2) مجموعی حکمت عملی کے نفاذ کے لئے تمام ضروری اقدامات، (3) بزنس کیس کی تیاری کے سلسلے میں مالیاتی شعبے کے لئے مشاورتی کردار کی ادائیگی، بیرون ملک مقیم کارسپونڈنٹس (correspondents) کے ساتھ تعلقات کی بہتری، الگ سے مستعد ریمی ٹینس پیمنٹ ہائی ویز کی تیاری اور (4) ٹول فری لائنز کے ساتھ 24 گھنٹے کام کرنے والے کال سینٹر، علیحدہ ویب سائٹ وغیرہ کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے ایک قومی فوکل پوائنٹ بنانا شامل ہیں۔

ترسیلات زر مالی سال 08 (FY08) میں 6.4 بلین ڈالر کی سطح پر تھیں جو مالی سال 09 (FY09) میں بڑھ کر 7.6 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ مالی سال 10 (FY10) میں ترسیلات زر بڑھ کر 8.6 بلین ڈالر اور مالی سال 11 (FY11) میں مزید بڑھ کر 11.2 بلین ڈالر کی سطح پر پہنچ گئیں۔ ترسیلات زر کی آمد میں اضافے کا رجحان رواں مال سال (FY12) میں بھی جاری ہے اور رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران 4.3 بلین ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان آچکی ہیں جو گذشتہ مالی سال (FY11) کی اسی مدت کی ترسیلات زر کے مقابلے میں 23 فیصد سے زائد اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ بیرون ملک سے ترسیلات زر کی آمد میں یہ نمایاں اضافہ پی آر آئی کے ان اقدامات کا نتیجہ ہے جو اس نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور ملک میں مقیم ان کے خاندانوں کو سہولت فراہم کرنے کی غرض سے دیگر اسٹیک ہولڈرز کے اشتراک سے کئے ہیں۔

واضح رہے کہ IAMTN وہ واحد نان پرافٹ ایبل تنظیم ہے جو دنیا بھر میں منی ٹرانسفر انڈسٹری کی نمائندگی کرتی ہے اور علاقائی منی ٹرانسفر ٹریڈ باڈیز کے ساتھ کام کرتی ہے۔

[☆☆☆☆]